# 21-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ جی ایس ٹی کی نئی اصلاحات کے ساتھ ملک آتمانربھر بھارت کی جانب ایک اور قدم آگے بڑھا رہا ہے۔

۲۔ ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ ریاست دریائے کرشنا کے پانی میں اپنا حصہ حاصل کرے گی اور دریائی پانی کے معاملے میں ریاست کے مفادات اہم ہیں۔

۳۔ تلنگانہ بھرمیں آج سے بتکما کی تقریبات کا آغاز ہوگیا ہے۔ یہ تقریبات آج کی مہالیہ اماوسیہ سے دس دن تک جاری رہیں گی۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں تلنگانہ کے بعض اضلاع میں بھاری بارش کا امکان ہے۔

Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ ریاست دریائے کرشنا کے پانی میں اپنا حصہ حاصل کرے گی اور دریائی پانی کے معاملے میں ریاست کے مفادات اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت المٹی ڈیم کی اونچائی میں اضافے کے خلاف ہے اور وہ المٹی ڈیم پر اپنے دلائل دینے کے لیے کل دہلی جائیں گے۔ انہوں نے آج سریہ پیٹ ضلع کے پالکاویڈو منڈل میں جواہر جن پہاڑ لفٹ اریگیشن اسکیم کے کاموں کا معائنہ کیا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ کالیشورم پروجیکٹ جو کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں بنایا گیا تھا، بیکار ہوگیا ہے اور اس پروجیکٹ سے متعلق بدعنوانی کے الزامات کے تناظر میں تحقیقات جاری ہیں اور اس کے مکمل ہونے کے بعد قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

## Nutrition Food

کلکٹر جیتیش وی پاٹل نے کہا کہ دیہی علاقوں کے لوگوں میں غذائیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے 16 اکتوبر تک بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں پوشن اتسو کا انعقاد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا بنیادی مقصد حاملہ خواتین، دودھ پلانے والی خواتین اور بچوں کی روزانہ کی خوراک کے بارے میں رہنمائی فراہم کرنا اور گاؤں کی سطح پر لوگوں کی صحت اور غذائیت کی نگرانی کرنا ہے۔ کلکٹر نے وضاحت کی کہ پوشن مہوتسو کے تحت آنگن واڑی مراکز میں بچوں اور بچیوں کا طبی معائنہ کیا جائے گا، دودھ پلانے کی اہمیت، ماحولیاتی صفائی اور والدین کے ساتھ ملاقاتیں کی جائیں گی۔

## Minority Finance Corporation

یدادری بھونگیر ضلع کے اقلیتی آفیسر ساہیتی نے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے روبہ عمل فلاحی ترقیاتی پروگراموں سے فائدہ اٹھانے کی اقلیتی طبقہ سے اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں تک سرکاری اسکیمات کے ثمرات پہنچانے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کئے جارہے ہیں۔ فینانس کارپوریشن کے زیراہتمام دو اسکیمیں لاگو کی جارہی ہیں یعنی اندراما اقلیتی مہیلا یوجنا اور ریونت انا کا سہارا جس کے ذریعہ چھوٹے کاروباروں کے لیے مختلف اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والی اقلیتی خواتین اور نوجوانوں کو ایک لاکھ روپے کی گرانٹ منظور کیا جائے گا اور اس کیلئے 6 اکتوبر سے قبل آن لائن درخواستیں داخل کی جاسکتی ہیں۔

## Bathukamma Festival

تلنگانہ بھر میں آج سے بتکما کی تقریبات کا آغاز ہوگیا ہے۔ یہ تقریبات آج کی مہالیہ اماوسیہ سے دس دن تک جاری رہیں گی۔ ریاستی حکومت نے ریاست بھر میں بتکما کی تقریبات کے لیے تمام انتظامات کر لیے ہیں۔ جی ایچ ایم سی نے دونوں شہروں میں بتکما کے وسرجن کے لیے 364 بتکما تالاب اور پانی کے عارضی ٹینکوں کو تیار رکھا ہے۔ ضلع کلکٹر ابھیلا شا ابھینو نے کہا کہ نرمل ضلع میں آج سے 30 ستمبر تک منعقد

ہونے والے بتکما تہوار کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔کلکٹر نے کہا کہ کل سے شروع ہونے والی دیوی نوراتری کی تقریبات کے پیش نظر سرسوتی دیوی مندر کو شاندار طریقے سے سجایا گیا ہے۔ورنگل کے تاریخی ہزارستون مندر میں آج شام بتکما کی تقریبات کا آغاز ہو گیا۔کھمم ،محبوب نگر، نلگنڈہ،اور کریم نگر کے مشترکہ اضلاع میں خواتین جوش وخروش سے بتکما تقاریب میں حصہ لے رہی ہیں۔

Medak Collector

میدک کے ضلع کلکٹر راہول راج نے کہا کہ ریاستی حکومت غریب عوام کی صحت کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔انہوں نے تجویز دی کہ لوگوں کو سرکاری ہسپتالوں میں فراہم کی جانے والی طبی اور صحت کی سہولیات پر اعتماد ہونا چاہیے اور اس کے لیے ڈاکٹروں کو خلوص نیت سے طبی خدمات فراہم کرنی چاہئیں۔انہوں نے آج ضلع میدک کے رامائم پیٹ منڈل میں دھرمارم پرائمری ہیلتھ سنٹر کا اچانک معائنہ کیا۔انہوں نے ہسپتال میں آنے والے مریضوں سے بات کی اور وہاں فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں دریافت کیا۔انہوں نے ہسپتال کا ریکارڈ چیک کیا۔اس موقع پر کلکٹر نے کہا کہ لوگوں کو موسمی بیماریوں سے چوکنا رہنا چاہئے۔

CM - Medaram

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سمکا سارالما جاترا کے انتظامات اور تیاریوں کے تعلق سے عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے اس سے متعلق ایکشن پلان کے بارے میں بھی بات چیت کی۔واضح رہے کہ چیف منسٹر اس ماہ کی 23 تاریخ کو میڈارم کا دورہ کریں گے۔وہ قبائلی پنڈتوں کے ساتھ سمکا سارالما جاترا کے لیے تیار کیے گئے ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔چیف منسٹر نے واضح کیا کہ میڈارم میں مندر کے احاطہ کو مزید وسعت دی جانی چاہئے۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ استقبالیہ کمان سمیت تمام انتظامات مکمل کریں تا کہ میڈارم میں قبائلی روایات پروان چڑھ سکیں۔

Metro Rail Review

اینچ ایم آر ایل کے ایم ڈی سرفراز احمد نے میٹرو ریل کے پہلے مرحلہ کے ساتھ ساتھ پرانے شہر میں میٹرو ریل کے پروجیکٹ کے کاموں کو جلد سے جلد مکمل کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے آج میٹرو ریل کے کاموں کی ترقی کے تعلق سے عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میٹرو ریل کو درپیش مسائل اور چیالنجس سے نمٹنے کے لئے متعلقہ محکمہ جات کے عہدیداروں سے تال میل کرنے کی تجویز دی۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کے رہنمایانہ خطوط کے مطابق میٹرو ریل کے دوسرے مرحلہ کا پروجیکٹ مکمل کیا جائے۔

Pradhan Mantri GST

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ جی ایس ٹی کی نئی اصلاحات کے ساتھ ملک آتمانربھر بھارت کی جانب ایک اور قدم آگے بڑھا رہا ہے۔ کل سے جی ایس ٹی اصلاحات کی عمل آوری کے پیش نظر انہوں نے آج شام ملک کے عوام سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ جی ایس ٹی سیلاب قیمتوں میں کمی کی وجہ سے غریب اور متوسط طبقات کو کافی راحت حاصل ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جی ایس ٹی اصلاحات کی وجہ سے عوام میں بچت کی عادت میں اضافہ ہوگا اور سرمایہ کاری بھی بڑھے گی۔

Sound Byte.

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں تلنگانہ کے بعض اضلاع میں بھاری بارش کا امکان ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ وقار آباد، سنگاریڈی، میدک، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، گدوال اضلاع میں بھاری بارش ہوسکتی ہے۔ اسی طرح کریم نگر، نظام آباد، عادل آباد سمیت 13 اضلاع میں بعض مقامات پر اوسط بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے بعض اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔

Harish Rao

سابق وزیر اور بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے کہا کہ ریاست بھر میں حال ہی میں ہوئی بارش کی وجہ سے کئی لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور ریاستی حکومت سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی امداد کرنے میں ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے سکندرآباد اور رام گوپال پیٹ میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بارش اور سیلاب کی وجہ سے لوگوں کے لاپتہ ہونے جیسی صورتحال ہے۔ تاہم حکومت کی خاموشی برقرار ہے۔ انہوں نے سیلاب متاثرین کو مالی امداد کے ساتھ ساتھ اشیائے ضروریہ تقسیم کرنے کی ریاستی حکومت سے مانگ کی۔

Bhatti Vikramarka

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ رانی ردرما دیوی اور چاکلی آئیلماں جیسی بہادر خواتین کی زندگیوں سے واقف ہونے کے لئے فنون کافی کارآمد ثابت ہو سکتے ہیں۔ آج انہوں نے ہنمکنڈہ میں کالوجی کلاشیترم میں تلنگانہ سنگیت ناٹک اکیڈیمی کے زیر اہتمام دوروزہ کاکتیا نرت اتسو کا آغاز کیا۔ اس تقریب میں چاکلی ایلماں اور رانی ردرماں کی زندگی پر رقص پیش کیا گیا۔ اس پروگرام میں بعض وزرا اور ارکان اسمبلی نے بھی شرکت کی۔

OO